سوال

(246) کیا یہ صحیح ہے کہ نومولود کے دائیں کان میں اذان اور بائیں میں اقامت کہی جائے؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بچے کے کان میں اذان کتنے دن کے اندر کہی جائے؟ آیا دائیں کان میں اذان اور بائیں میں اقامت یا دونوں میں اذان دی جائے؟ (ڈاکٹر حق نواز قریشی، راولپنڈی)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس بارے میں جو حدیث وارد ہے، اس میں یہ ہے کہ دائیں کان میں اذان اور بائیں میں اِقامت اور اس میں ہے کہ ولادت والے دن اذان کہی جائے۔ لیکن اس حدیث کو علامہ البانی رحمہ اللہ نے ضعیف قرار دیا ہے۔ (سلسلۃ الاحادیث الضعیفۃ: ۱ ۴۹۳)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 219

محدث فتویٰ